01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علم الصرف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ مفتی عنایت احمد کاکوروی کی پیدائش ہے:

(الف) 9شوال (ب) 10شوال (ج) 11شوال (د) 12شوال

2۔ "علم الصیغة" کا دوسرا نام ہے:

(الف) قوانین کا مجموعہ (ب) اصول کا مجموعہ (ج) قوانین حزیلہ حافظیہ (د) ضوابط علوم

3۔ کلمہ کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

4۔ زمانہ کے اعتبار سے فعل کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

5۔ "علم الصیغة" مشتمل ہے:

(الف) دو مقدمات پر (ب) دو ابواب پر (ج) ایک مقدمہ چار ابواب پر (د) ایک مقدمہ دو ابواب پر

6۔ حروف اصلی کے اعتبار سے فعل کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

7۔ "نَصَرَ" مثال ہے:

(الف) ثلاثی مجرد کی (ب) ثلاثی مزید کی (ج) رباعی مجرد کی (د) رباعی مزید فیہ کی

8۔ جس کے "فاء، عین یا لام" کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو وہ کہلاتا ہے:

(الف) صحیح (ب) مہموز (ج) سالم (د) مضاعف

9۔ "وَقٰی" یہ مثال ہے:

(الف) لفیف کی (ب) ناقص کی (ج) اجوف کی (د) مضاعف کی

10۔ تعداد حروف کا اعتبار سے اسم جامد کی اقسام ہیں:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

ورق الٹیے

11۔ انواع حروف کے اعتبار سے اسم جامد کی اقسام ہیں:

(الف) 8 (ب) 9 (ج) 10 (د) 11

12۔ "غابر" کہا جاتا ہے:

(الف) فعل ماضی کو (ب) فعل مضارع کو (ج) فعل امر کو (د) فعل نہی کو

13۔ جو ہمزہ وصل کلام میں نہ گرے وہ کہلاتا ہے:

(الف) ہمزہ وصلی (ب) ہمزہ قطعی (ج) ہمزہ زائدہ (د) ہمزہ اصلیہ

14۔ حرف علت کی تبدیلی کو کہا جاتا ہے:

(الف) تخفیف (ب) اعلال (ج) ادغام (د) نادر

15۔ رنگ، عیب اور جسمانی حلیہ کے اوصاف باب میں آتے ہیں:

(الف) فتح یفتح سے (ب) نصر ینصر سے (ج) سمع یسمع سے (د) ضرب یضرب سے

16۔ باب مفاعلہ اور تفاعل کا خاصہ ہے:

(الف) اشتراک (ب) افتراق (ج) لزوم (د) مطاوعہ

17۔ تفعل باب کے خواص ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

18۔ ضمیر بارز کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

19۔ جمع قلت کے عموماً اوزان استعمال ہوتے ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

20۔ اگر کسی اسم کے آخر میں تائے تانیث ہو تو نسبت کے وقت اس کا گرانا ہے:

(الف) لازم ہے (ب) واجب ہے (ج) ضروری ہے (د) فرض ہے

01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علم الصرف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ علم الصرف کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی تحریر کریں۔

2۔ صاحب علم الصیغہ کی کوئی سی تصانیف کردہ دو کتابوں کے نام تحریر کریں۔

3۔ فعل مضارع کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

4۔ صحیح کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

5۔ مثال کی اقسام تحریر کریں۔

6۔ مشتق کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

7۔ صیغہ کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم نوٹ کریں۔

8۔ جمع منتہی الجموع سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

9۔ باب "افعلال" کی خاصیتیں تحریر کریں۔

10۔ ثلاثی مجرد کے کسی ایک باب کی خاصیت تحریر کریں۔

11۔ جمع کثرت سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے دو اوزان تحریر کریں۔

12۔ جمع مذکر سالم کیسے بنایا جاتا ہے؟ نیز جمع قلت کے دو اوزان تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ مصنف علم الصیغہ کے ہاں فعل ماضی کے صیغوں کی تعداد کتنی اور کیا ہے؟

2۔ "لَایُفْعَلْنَ" یہ کونسا صیغہ ہے؟ مع ترجمہ تحریر کریں۔

3۔ حروف نواصب کا فعل مضارع پر عمل کیا ہے؟ تحریر کریں۔

4۔ "لَمْ تَفْعَلِیْ، لَمْ تَفْعَلْنَ" صیغوں کی وضاحت کریں۔

5۔ فعل امر کی تعریف مع مثال لکھیں۔

6۔ اسمائے مشتقات کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تحریر کریں۔

7۔ لام امر کیا ہے؟ اور اس کا عمل کیا ہے؟ تحریر کریں۔

8۔ ملحق سے کیا مراد ہے؟ نیز مثال بھی تحریر کریں۔

9۔ نسبت کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم تحریر کریں۔

10۔ اسم ثنائی سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

11۔ "تصفیہ" سے کیا مراد ہے؟ تصفیہ کا کوئی ایک طریقہ تحریر کریں۔

12۔ "اوائل" اصل میں کیا تھا؟ نوٹ کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. صاحب علم الصیغہ کے مطابق علم صرف کی تعریف، موضوع غرض وغایت لکھتے ہوئے علم صرف پڑھنے کے فوائد تحریر کریں۔

ii. حروف جوازم کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز حروف جوازم فعل مضارع میں کون کونسی تبدیلیاں کرتے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. (الف) نسبت کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی و مفہوم تحریر کریں۔ نیز مختلف اسماء کی نسبت کے طریقے تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب) ثلاثی مجرد کے کوئی سے دو ابواب کی خاصیات تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. اسمائے مشتقات کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور "کَرَامَۃٌ" مصدر سے اسم فاعل کی گردان تحریر کریں۔

ورق الٹئے

ii. اسم مبالغہ اور اسم تفضیل میں فرق بیان کریں۔ نیز "فَاعِلٌ ذِیْ کَذَا" سے کیا مراد ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. (الف) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ ابواب کی خاصیات تفصیلاً تحریر کریں۔

اِنْفِعَالٌ	اِفْعِیْلَالٌ	اِفعِلَالٌ
تَفَعُّلٌ	مُفَاعَلَۃٌ	تَفَعْلُلٌ

(ب) جمع مکسر سے کیا مراد ہے؟ نیز جمع مکسر کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ جمع مکسر کی تمام اقسام کی تعریفات مع اوزان تفصیلاً تحریر کریں۔